تابعی کے ہاتھ پر اسلام لانے والے صحابی

فتوی نمبر: WAT-424

تاریخ اجراء: 20جمادی الاخری1443ھ/24جنوری2022

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

وہ کون سے صحابی ہیں، جنہوں نے تابعی کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا تھا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ، ایسے صحابی ہیں، جو تابعی (نجاشی، شاہ حبشہ) کے ہاتھ پر اسلام لائے۔ نجاشی شاہ حبشہ، نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی حیات ظاہری میں مسلمان ہو چکے تھے لیکن آپ علیہ الصلوۃ والسلام کی زیارت نہ کر سکے۔ جبکہ ان کے ہاتھ پر اسلام لانے والے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالی عنہ، نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی زیارت وملاقات کے شرف سے فیضیاب ہوئے اور درجہ صحابیت ان کو نصیب ہوا۔

چنانچہ مغازی للواقدی میں ان کا قبول اسلام کا واقعہ یوں درج ہے کہ: قبولِ اسلام سے پہلے آپ کے دل میں مسلمانوں سے سخت عداوت (دشمنی) تھی، معرکۂ بدر، اُحد اور خندق میں مسلمانوں کے خلاف جنگ میں حصّہ لیا، صلحِ حُدَیبیہ کے بعد تو آپ کے یہ جذبات تھے کہ اگر پورا قبیلۂ قُریش اسلام لے آئے تو میں پھر بھی اسلام نہیں لاؤں گا، پھر آپ نے اپنے ہم خیال لوگوں کو جمع کر کے ان کے سامنے اپنی رائے رکھی کہ ہم حبشہ چلے جاتے ہیں اور وہیں رہتے ہیں، اس رائے کو پسند کیا گیا چنانچہ انہوں نے حبشہ کے بادشاہ کے لئے تحفے تحائف جمع کر کے آپ کے حوالے کر دیئے یوں آپ حبشہ چلے آئے۔

(مغازی للواقدی، ج2، ص741-742، دار الاعلمی، بیروت)

ایک روایت کے مطابق قریش نے حبشہ سے مسلمانوں کو واپس لانے کیلئے جن سفیروں کو روانہ کیا ان میں آپ بھی شامل تھے، مگر اللہ تعالٰی نے آپ پر خُصوصی کرم فرمایا اور آپ نے تابعی حضرت نجاشی بادشاہ رضیَ اللہُ تعالٰی عنہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا پھر مدینے حاضر ہو کر مکی مَدَنی سرکار صلَّی اللہُ تعالٰی علیہِ واٰلہٖ وسَلَّم کی زیارت سے مشرف ہو کر درجہَ

صحابیت پر فائز ہوئے۔ یہ تاریخِ اسلام کا منفرد واقعہ ہے کہ کوئی شخص تابعی کے ہاتھ پر ایمان لائے اور بعد میں مرتبۂ صحابیت سے مشرف بھی ہوا ہو۔

(زرقانی علی المواھب، ج 1، ص 506، دار الکتب العلمیۃ، بیروت ملخصاً)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابواحمد محمد انس رضا عطاری مدنی

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net